## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON THE CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY (AMENDMENT) BILL, 2021

I, Chairman of the Standing Committee on Interior have the honor to present this report on the Bill further to amend the Capital Development Authority Ordinance (Act XXIII of 1960) [The Capital Development Authority (Amendment) Bill, 2021] (Government Bill), referred to the Committee on 29th March, 2021.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 1) | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2) | Mr. Sher Akbar Khan | Member |
| 3) | Mehar Ghulam Muhammad Lali | Member |
| 4) | Mr. Raza Nasrullah | Member |
| 5) | Khawaja Sheraz Mehmood | Member |
| 6) | Mr. Rahat Aman Ullah Bhatti | Member |
| 7) | Malik Karamat Ali Khokhar | Member |
| 8) | Sardar Talib Hassan Nakai | Member |
| 9) | Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak | Member |
| 10) | Mr. Muhammad Akhtar Mengal | Member |
| 11) | Nawabzada Shazain Bugti | Member |
| 12) | Malik Sohail Khan | Member |
| 13) | Rana Shamim Ahmed Khan | Member |
| 14) | Mr. Nadeem Abbas | Member |
| 15) | Ms. Maryam Aurangzaib | Member |
| 16) | Syed Agha Rafiullah | Member |
| 17) | Nawab Muhammad Yousuf Talpur | Member |
| 18) | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 19) | Mr. Asmatullah | Member |
| 20) | Sheikh Rashid Ahmed<br>Minister for Interior | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A,** in its meetings held on 15-07-2021 and 25-08-2021. The Committee unanimously recommended that the Bill placed at **Annex -'B'**, may be passed by the National Assembly.

-Sd-

**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
*Islamabad 14th February, 2022*

-Sd-

**(RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ)**
Chairman
Standing Committee on Interior

# [AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**ANNEX. A**

ORDINANCE NO. I OF 2021

AN

ORDINANCE

*further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960*

WHEREAS it is expedient further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960 (XXIII of 1960) for the purposes hereinafter appearing;

AND WHEREAS the National Assembly and the Senate are not in session and the President is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President is pleased to make and promulgate the following Ordinance, namely:---

1. **Short title and commencement.**—(1) This Ordinance shall be called the Capital Development Authority (Amendment) Ordinance, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 8, Ordinance XXIII of 1960.**—In the Capital Development Authority Ordinance, 1960 (XXIII of 1960), hereinafter referred to as the said Ordinance, in section 8, clause (f) shall be omitted.

3. **Amendment of section 15, Ordinance XXIII of 1960.**—In the said Ordinance, in section 15, in sub-section (2), in clause (v), after the word "contracts", the expression "including but not limited to joint venture, public private partnership, concession agreements, etc." shall be inserted.

4. **Insertion of sction 49G, Ordinance XXIII of 1960.**—In the said Ordinance, after section 49F, the following new section 49G shall be inserted, namely:—

> "**49G. Ordinance to override other laws.**—The provisions of this Ordinance shall have effect notwithstanding anything to the contrary contained in any other law for the time being in force and such law shall, to the extent of any inconsistency, cease to have effect".

———

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The brief facts leading to amendment in CDA Ordinance 1960 are that the Islamabad High Court, Islamabad in its judgment dated 29.12.2017 in Writ Petition No.348/2016 set aside the notification for appointment of Sheikh Anser Aziz, Mayor Metropolitan Corporation Islamabad as Member of CDA Board with additional functions of Chairman, Capital Development Authority, Islamabad, Islamabad High Court further directed the Federal Government to initiate the process for selection of an eligible person to be appointed as Member of the Board of the Authority for the fixed term which has been specified under Section 6(3) of the Ordinance of 1960 and appoint a Chairman for a fixed period of five years from amongst the Members within forty-five days (45 days) from the date of announcement of the judgment.

2. In order to elaborate the procedure for appointment of Chairman/Members in CDA, it was decided to amend the relevant sections of Capital Development Authority Ordinance, 1960. Accordingly, the President of Pakistan promulgated Capital Development Authority (Amendment) Ordinance, 2018 on 10.01.2018 for a period of 120 days which was further extended for another period of 120 days w.e.f. 10.05.2018 (till 06.09.2018) by the National Assembly of Pakistan as per laid down procedure. The previous National Assembly could not pass the said amendment in CDA Ordinance, 1960 till completion of its tenure on 31.05.2018.

3. The Federal Government proposed certain amendments in the criteria for appointment of Chairman and Board Members through CDA Amendment Ordinance 2018 which was subsequently extended for another term of 120 days by National Assembly of Pakistan which lapsed 06.09.2018. The purpose of amendment of these sections in CDA Ordinance, 1960 is to comply with the Hon'ble Islamabad High Court's order. Recently, the Federal Government has decided the re-structuring of CDA Board and notification in this regard was issued by Cabinet Division. Therefore the amendments have become inevitable and have been proposed in the light of "Notification" referred above.

4. Further amendment is related to addition of words "joint venture, Public-Private Partnership, concession agreements, etc" in Section 15(2) in clause (v) of CDA Ordinance, 1960 which shall enable CDA to enter into agreement with Private Party for the provision of infrastructure facilities, management functions and/or services with a clear allocation of risks and benefits between the two parties. This will lessen the financial burden on CDA/Government and will enhance development activities of CDA in ICT.

**(Sheikh Rashid Ahmed)**
Minister for Interior

**Annex B**

# [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

**A**

**BILL**

*further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Capital Development Authority Ordinance, 1960 (XXIII of 1960) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

**1. Short title and commencement.** — (1) This Bill shall be called the Capital Development Authority (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of section 8, Ordinance XXIII of 1960.**— In the Capital Development Authority Ordinance, 1960 (XXIII of 1960), hereinafter referred to as the said Ordinance, in section 8, clause (f) shall be omitted.

**3. Amendment of section 15, Ordinance XXIII of 1960.**— In the said Ordinance, in section 15, in sub-section (2), in clause (v), after the word "contracts", the expression "including but not limited to joint ventures, public private partnerships, concession agreements, etc." shall be inserted.

**4. Insertion of section 49G, Ordinance XXIII of 1960.** — In the said Ordinance, after section 49F, the following new section 49G shall be inserted, namely:—

**"49G. Ordinance to override other laws.**—The provisions of this Ordinance shall have effect notwithstanding anything to the contrary contained in any other law for the time being in force and such law shall, to the extent of any inconsistency, cease to have effect.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The brief facts leading to amendment in CDA Ordinance, 1960 are that the Islamabad High Court, Islamabad in its judgment dated 29.12.2017 in Writ Petition No.348/2016 set aside the notification for appointment of Sheikh Anser Aziz, Mayor Metropolitan Corporation Islamabad as Member of CDA Board with additional functions of Chairman, Capital Development Authority, Islamabad, Islamabad High Court further directed the Federal Government to initiate the process for selection of an eligible person to be appointed as Member of the Board of the Authority for the fixed term which has been specified under Section 6(3) of the Ordinance of 1960 and appoint a Chairman for a fixed period of five years from amongst the Members within forty-five days (45 days) from the date of announcement of the judgment.

2. In order to elaborate the procedure for appointment of Chairman/Members in CDA, it was decided to amend the relevant sections of Capital Development Authority Ordinance, 1960. Accordingly, the President of Pakistan promulgated Capital Development Authority (Amendment) Ordinance, 2018 on 10.01.2018 for a period of 120 days which was further

extended for another period of 120 days w.e.f 10-05-2018 (till 06-09-2018) by the National Assembly of Pakistan as per laid down procedure. The previous National Assembly could not pass the said amendment in CDA Ordinance, 1960 till completion of its tenure on 31.05.2018.

3. The Federal Government proposed certain amendments in the criteria for appointment of Chairman and Board Members through CDA Amendment Ordinance 2018 which was subsequently extended for another term of 120 days by National Assembly of Pakistan which lapsed 06.09.2018. The purpose of amendment of these sections in CDA Ordinance, 1960 is to comply with the Hon'ble Islamabad High Court's order. Recently, the Federal Government has decided the re-structuring of CDA Board and notification in this regard was issued by Cabinet Division. Therefore the amendments have become inevitable and have been proposed in the light of "Notification" referred above.

4. Further amendment is related to addition of words "joint venture, Public-Private Partnership, concession agreements, etc." in Section 15(2) in clause (v) of CDA Ordinance, 1960 which shall enable CDA to enter into agreement with Private Party for the provision of infrastructure facilities, management functions and/or services with a clear allocation of risks and benefits between the two parties. This will lessen the financial burden on CDA/Government and will enhance development activities of CDA in ICT.

**(Sheikh Rashid Ahmed)**
Minister for Interior

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ ۲۹/مارچ، ۲۰۲۱ء کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کردہ کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس (ایکٹ نمبر ۲۳ بابت ۱۹۶۰ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **راجہ خرم شہزاد نواز** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب شیر اکبر خان | رکن |
| ۳۔ | مہر غلام محمد لالی | رکن |
| ۴۔ | جناب رضا نصر اللہ | رکن |
| ۵۔ | خواجہ شیراز محمود | رکن |
| ۶۔ | جناب راحت امان اللہ بھٹی | رکن |
| ۷۔ | ملک کرامت علی کھوکھر | رکن |
| ۸۔ | سردار طالب حسن نکئی | رکن |
| ۹۔ | محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک | رکن |
| ۱۰۔ | جناب محمد اختر مینگل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ شازین بگٹی | رکن |
| ۱۲۔ | ملک سہیل خان | رکن |
| ۱۳۔ | رانا شمیم احمد خان | رکن |
| ۱۴۔ | جناب ندیم عباس | رکن |
| ۱۵۔ | محترمہ مریم اورنگزیب | رکن |
| ۱۶۔ | سید آغا رفیع اللہ | رکن |
| ۱۷۔ | نواب محمد یوسف تالپور | رکن |
| ۱۸۔ | جناب عبد القادر پٹیل | رکن |
| ۱۹۔ | جناب عصمت اللہ | رکن |
| ۲۰۔ | شیخ رشید احمد<br>وزیر برائے داخلہ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۵/جولائی، ۲۰۲۱ء اور ۲۵/اگست، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔ الف پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے متفقہ طور پر سفارش کی کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔ 'ب' پر موجود بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
**(راجہ خرم شہزاد نواز)**
**چیئرمین**
قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
**سیکرٹری**
اسلام آباد، ۱۴/فروری، ۲۰۲۲ء

# بیان اغراض ووجوہ

سی ڈی اے آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں ترمیم پیش کرنے کی بابت مختصر حقائق یہ ہیں کہ اسلام آباد ہائی کورٹ، اسلام آباد نے رٹ پٹیشن نمبر ۲۰۱۶ /۳۴۸ میں مورخہ ۲۹/ دسمبر، ۲۰۱۷ء کو اپنے فیصلے میں شیخ انصر عزیز، میئر میٹروپولیٹین کارپوریشن اسلام آباد کی سی ڈی اے بورڈ کے رکن کے طور پر نیز چیئرمین کیپٹل ڈیلپمنٹ اتھارٹی کے اضافی کارہائے منصبی کے ساتھ تقرری کا نوٹیفکیشن منسوخ کردیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے مزید حکم دیا کہ وفاقی حکومت آرڈیننس بابت ۱۹۶۰ء کی دفعہ ۶ (۳) کے تحت مصرحہ معین مدت کے لیے اتھارٹی کے بورڈ کے رکن کے طور پر تقرری کے لیے ایک اہل شخص کے انتخاب کی بابت عمل کا آغاز کرے اور اس فیصلے کے اعلان کی تاریخ سے پینتالیس (۴۵) دنوں کے اندر اراکین میں سے پانچ سال کی معین مدت کے لیے چیئرمین کا تقرر کرے۔

(۲) سی ڈی اے میں چیئرمین / اراکین کی تقرری کے طریق کار کی وضاحت کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا کہ کیپٹل ڈیلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء کی متعلقہ دفعات میں ترمیم کی جائے۔ حسبہ صدر پاکستان نے مورخہ ۱۰ جنوری، ۲۰۱۸ء کو کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۱۸ء ۱۲۰ دنوں کی مدت کے لیے نافذ العمل کیا جس میں قومی اسمبلی پاکستان کی جانب سے وضع شدہ طریق کار کے مطابق ۱۰/ مئی، ۲۰۱۸ء سے مزید ۱۲۰ دنوں (۶/ ستمبر، ۲۰۱۸ء) تک کے لیے توسیع کردی گئی۔ سابق قومی اسمبلی ۳۱/ مئی، ۲۰۱۸ء کو اپنی میعاد مکمل ہونے تک سی ڈی اے آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں مذکورہ ترمیم کی منظوری نہ دے سکی۔

۳۔ وفاقی حکومت نے سی ڈی اے ترمیمی آرڈیننس، ۲۰۱۸ء کے ذریعے چیئرمین اور بورڈ اراکین کی تقرری کے لیے معیار میں بعض ترامیم تجویز کیں۔ مذکورہ آرڈیننس میں بعد ازاں قومی اسمبلی پاکستان کی جانب سے مزید ۱۲۰ دن کی توسیع کردی گئی۔ یہ آرڈیننس ۶/ ستمبر، ۲۰۱۸ء کو ساقط ہوگیا۔ سی ڈی اے آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں ان دفعات میں ترمیم کا مقصد معزز اسلام آباد ہائی کورٹ کے فرمان کی تعمیل کرنا ہے۔ حال ہی میں، وفاقی حکومت نے سی ڈی اے بورڈ کی بازساخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس ضمن میں کابینہ ڈویژن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کیا گیا، چنانچہ ترامیم ناگزیر ہو چکی ہیں اور محولہ بالا "نوٹیفکیشن" کے مطابق تجویز کی گئی ہیں۔

۴۔ مزید ترمیم سی ڈی اے آرڈیننس، ۱۹۶۰ کی دفعہ ۱۵ (۲) میں، شق (v) میں "جوائنٹ وینچر، پبلک، پرائیویٹ پارٹنرشپ، رعایتی معاہدے وغیرہ" کے الفاظ کے اضافہ سے متعلق ہے جس کے مطابق سی ڈی اے بنیادی ڈھانچہ کی سہولیات، انتظامی کارہائے منصبی اور یا خدمات کی فراہمی کی بابت پرائیویٹ پارٹی کے ساتھ معاہدہ کر سکے گا اور اس میں دونوں فریقین کے مابین خطرات اور فوائد کی واضح تخصیص موجود ہوگی۔ اس طرح سی ڈی اے / حکومت پر مالی بوجھ میں کمی واقع ہوگی اور سی ڈی اے کی جانب سے دارالحکومت اسلام آباد کی علاقائی حدود (آئی سی ٹی) میں ترقیاتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔

(شیخ رشید احمد)

وزیر داخلہ

منسلکہ-ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

ہر گاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء (نمبر ۲۳ بابت ۱۹۶۰ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغازِ نفاذ:۔** (۱) یہ بل کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۲۳ بابت ۱۹۶۰ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔** کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء (نمبر ۲۳ بابت ۱۹۶۰ء) میں جس کا حوالہ بعد ازیں مذکورہ آرڈیننس کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۸ میں، شق (و) حذف کر دی جائے گی۔

۳۔ **آرڈیننس نمبر ۲۳ بابت ۱۹۶۰ء کی، دفعہ ۱۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۵ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، شق (۵) میں لفظ "معاہدات" کے بعد، عبارت "شامل کی جائے گی البتہ مشترکہ اقدام سرکاری نجی شراکت داری، رعایتی معاہدے، وغیرہ، تک محدود نہ ہوں گے،" شامل کر دی جائے گی۔

۴۔ **آرڈیننس نمبر ۲۳ بابت ۱۹۶۰ء کی، دفعہ ۴۹ز کی شمولیت:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۴۹و کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ ۴۹ز شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"۴۹ز۔ **آرڈیننس دیگر قوانین پر غالب ہو گا:۔** اس آرڈیننس کے احکامات فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون میں شامل کسی امر کے متناقض ہونے کے باوجود مؤثر ہوں گے اور مذکورہ قانون، کسی بھی عدم یکسانیت کی حد تک، مؤثر نہ ہو گا۔"۔

### بیان اغراض و وجوہ

سی ڈی اے آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں ترمیم پیش کرنے کی بابت مختصر حقائق یہ ہیں کہ اسلام آباد ہائی کورٹ، اسلام آباد نے رٹ پٹیشن نمبر ۲۰۱۶/۳۴۸ میں مورخہ ۲۹/دسمبر، ۲۰۱۷ء کو اپنے فیصلے میں شیخ انصر عزیز، میئر میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد کی سی ڈی اے بورڈ کے رکن کے طور پر نیز چیئرمین کیپٹل ڈیلپمنٹ اتھارٹی کے اضافی کارہائے منصبی کے ساتھ تقرری کا نوٹیفکیشن منسوخ کر دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے مزید حکم دیا کہ وفاقی حکومت آرڈیننس بابت ۱۹۶۰ء کی دفعہ ۶ (۳) کے تحت مصرحہ معین مدت کے لیے اتھارٹی کے بورڈ کے رکن کے طور پر تقرری کے لیے ایک اہل شخص کے انتخاب کی بابت عمل کا آغاز کرے اور اس فیصلے کے اعلان کی تاریخ سے پینتالیس (۴۵) دنوں کے اندر اراکین میں سے پانچ سال کی معین مدت کے لیے چیئرمین کا تقرر کرے۔

(۲) سی ڈی اے میں چیئرمین / اراکین کی تقرری کے طریق کار کی وضاحت کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا کہ کیپٹل ڈیلپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء کی متعلقہ دفعات میں ترمیم کی جائے۔ حسبہ صدر پاکستان نے مورخہ ۱۰ جنوری، ۲۰۱۸ء کو کیپٹل ڈولپمنٹ اتھارٹی (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۱۸ء ۱۲۰ دنوں کی مدت کے لیے نافذ العمل کیا جس میں قومی اسمبلی پاکستان کی جانب سے وضع شدہ طریق کار کے مطابق ۱۰ / مئی، ۲۰۱۸ء سے مزید ۱۲۰ دنوں (۶ / ستمبر، ۲۰۱۸ء) تک کے لیے توسیع کر دی گئی۔ سابق قومی اسمبلی ۳۱ / مئی، ۲۰۱۸ء کو اپنی میعاد مکمل ہونے تک سی ڈی اے آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں مذکورہ ترمیم کی منظوری نہ دے سکی۔

۳۔ وفاقی حکومت نے سی ڈی اے ترمیمی آرڈیننس، ۲۰۱۸ء کے ذریعے چیئرمین اور بورڈ اراکین کی تقرری کے لیے معیار میں بعض ترامیم تجویز کیں۔ مذکورہ آرڈیننس میں بعد ازاں قومی اسمبلی پاکستان کی جانب سے مزید ۱۲۰ دن کی توسیع کر دی گئی۔ یہ آرڈیننس ۶ / ستمبر، ۲۰۱۸ء کو ساقط ہو گیا۔ سی ڈی اے آرڈیننس، ۱۹۶۰ء میں ان دفعات میں ترمیم کا مقصد معزز اسلام آباد ہائی کورٹ کے فرمان کی تعمیل کرنا ہے۔ حال ہی میں، وفاقی حکومت نے سی ڈی اے بورڈ کی باز ساخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس ضمن میں کابینہ ڈویژن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کیا گیا، چنانچہ ترامیم ناگزیر ہو چکی ہیں اور محولہ بالا "نوٹیفکیشن" کے مطابق تجویز کی گئی ہیں۔

۴۔ مزید ترمیم سی ڈی اے آرڈیننس، ۱۹۶۰ء کی دفعہ ۱۵ (۲) میں، شق (v) میں "جوائنٹ وینچر، پبلک، پرائیویٹ پارٹنر شپ، بر عایتی معاہدے وغیرہ" کے الفاظ کے اضافہ سے متعلق ہے جس کے مطابق سی ڈی اے بنیادی ڈھانچہ کی سہولیات، انتظامی کارہائے منصبی اور یا خدمات کی فراہمی کی بابت پرائیویٹ پارٹی کے ساتھ معاہدہ کر سکے گا اور اس میں دونوں فریقین کے مابین خطرات اور فوائد کی واضح تخصیص موجود ہو گی۔ اس طرح سی ڈی اے / حکومت پر مالی بوجھ میں کمی واقع ہو گی اور سی ڈی اے کی جانب سے دارالحکومت اسلام آباد کی علاقائی حدود (آئی سی ٹی) میں ترقیاتی سرگرمیوں میں اضافہ ہو گا۔

(شیخ رشید احمد)

وزیر داخلہ